TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 11 (نثر: 11 خطوط غالب،نظم ۔نعت،* غزل: حسرت موہانی۔* گرائمر: اہم عبارت کی تکمیل)

St. Name		**Test**	**Urdu**	**T. Marks**	**50**	**Time**	**60 Min**
F. Name		**Class**	**10th**	**T. Code**	**U#11**	**T. Date**	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

1-	کول کس شہر کا پرانا م ہے؟						
(A)	احمد نگر	(B)	سکندر آباد	(C)	علی گڑھ	(D)	حیدر آباد
2-	"مقیاس الحرارت" قواعد کی رو سے ہے۔						
(A)	حرارتی توانائی	(B)	اسم مفعول قیاسی	(C)	اسم قیاس و اجتہاد	(D)	اسم آلہ
3-	میر مہدی مجروع کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے۔						
(A)	میرمجروع	(B)	حیرن	(C)	میر انصیر الدین	(D)	شاہ محمد عظیم
4-	حسرت موہانی کا سن پیدائش کیا ہے۔						
(A)	1870ء	(B)	1875ء	(C)	1880ء	(D)	1885ء
5-	مرزا غالب کے خطوط کے مجموعے کا نام ہے۔						
(A)	آفاق ہندی	(B)	خطوط دہلی	(C)	عود ہندی	(D)	شیراز ہندی
6-	"کشمیر پاکستان کی شاہ رگ ہے" ۔"شاہ رَگ" قواعد کی رو سے ہے:						
(A)	اسم مصغر	(B)	اسم مکبر	(C)	اسم صوت	(D)	اسم ظرف
7-	مرزا غالب تفتہ کے خط کے آنے کے منتظر تھے۔						
(A)	کلکتہ	(B)	سکندر آباد	(C)	کول	(D)	آگرہ
8-	مرزا غالب کے مطابق---- پر محصول معاف تھا۔						
(A)	ترکاری اور پھل	(B)	اناج اور اپلے	(C)	غلہ اور تر کاری	(D)	پھل

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

حصہ نظم : بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت
وہ پیغمبر ذِی وقار آگیا ہے

حصہ غزل: پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ **05**

اللہ اللہ ! ہم تو کول سے تمہارے خط کے آنے کے منتظر تھے۔ ناگاہ کل جو خط آیا معلوم ہوا کہ دو دن کول میں رہ کر سکندرآباد آ گئے ہو اور وہاں سے تم نے خط لکھا ہے۔ دیکھئے اب یہاں کب تک رہو اور آگرہ کب جاؤ ۔ پرسوں برخوردار شیو نرائن کا خط آیا تھا ۔ لکھتے تھے کہ کتابوں کی شیراز و بندی ہورہی ہے۔ اب قریب ہے کہ بھیجی جائیں۔ مرزا مہر بھی ایک ہفتہ بتاتے ہیں۔ دیکھئے کس دن کتا بیں آجائیں ۔ خدا کرے سب کام دل خواہ بنا ہو۔

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) مرزاغالب نے وصول شدہ کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟
2) تفتہ نے مرزا غالب کو کہاں سے خط لکھا تھا؟
3) کو نسی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟
4) میرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟
5) مطلع سے کیا مراد ہے؟
6) احسان دانش کا اصل نام کیا تھا؟ ان کا سال ولادت بھی تحریر کیجیے۔

سوالنمبر5: "خطوط غالب " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

سوالنمبر6: "تمباکو نوشی کے نقصانات " کا مضمون لکھیے۔ **10**

سوالنمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

قائد اعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت ، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سنا پسند نہیں کرتے تھے ۔ نا مساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ بھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی ۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے ، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے ۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرالیوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بام عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات کے جوابات دیں۔

1) قائداعظم کس قسم کے انسان تھے؟
2) قائد اعظم کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
3) قائداعظم کا عظیم کا رنامہ کونسا تھا؟
4) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
5) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔